## ڈاکٹر خلیل چشتی کی رہائی پر ان کے اہل خانہ اور عوام کو الطاف حسین کی دلی مبارکباد

## رہائی پر بھارت کی حکومت، سپریم کورٹ، اسٹیبلشمنٹ، سیکوریٹی ایجنسیز اور عوام سے اظہار تشکر

## پروفیسر خلیل چشتی کی رہائی پاک بھارت تعلقات کی بہتری، دوستی اور خیر سگالی کے جذبات کے فروغ کیلئے نہایت مثبت قدم ہے۔ الطاف حسین

## الطاف حسین کی جانب سے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو مبارکباد، بھرپور سفارتی کوششوں کی تعریف

## رہائی کے سلسلے میں قانونی معاونت فراہم کرنے پر انسانی حقوق کے رہنما انصار برنی اور انکے ٹرسٹ کو الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پروفیسر ڈاکٹر خلیل چشتی کی رہائی پر ان کے اہل خانہ اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے پروفیسر خلیل چشتی کو رہا کرنے پر بھارت کی حکومت، سپریم کورٹ، اسٹیبلشمنٹ، سیکوریٹی ایجنسیز اور عوام کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پروفیسر خلیل چشتی کی رہائی دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کی بہتری، دوستی اور خیر سگالی کے جذبات کے فروغ کیلئے نہایت مثبت قدم ہے جس کا ہر سطح پر خیر مقدم کیا جانا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے پروفیسر خلیل چشتی کی رہائی پر صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کو مبارکباد پیش کی اور سفارتی سطح پر ان کی بھرپور کوششوں کی تعریف کی۔ جناب الطاف حسین نے پروفیسر خلیل چشتی کی رہائی کے سلسلے میں قانونی معاونت فراہم کرنے اور کوششیں کرنے پر انسانی حقوق کے رہنما انصار برنی اور ان کے ٹرسٹ کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر خلیل چشتی کی رہائی میں تعاون کرنے پر بھارت میں انسانی حقوق کیلئے کام کرنے والی شخصیات کو یتا، شری واشرز اور مہیش بھٹ کا بھی شکریہ ادا کیا۔

## ایم وی ایلبیڈ و کے یرغمالی عملے کی بازیابی کیلئے کوششیں تیز ہو رہی ہیں، انشاء اللہ وہ بہت جلد اپنے پیاروں کے درمیان ہونگے۔ الطاف حسین

## صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانیوں کے اہل خانہ سے گورنر ہاؤس کراچی میں گفتگو

## آپ کی کوششوں سے ہمیں دوبارہ زندگی مل گئی ہے، ہمارے پاس آپ کا شکریہ ادا کرنے کیلئے الفاظ نہیں ہیں۔

## یرغمالی جہاز کے کیپٹن جاوید کی اہلیہ کی الطاف حسین سے گفتگو

## مجھے امید ہے کہ اگر کوئی میری مدد کرنے والا ہے تو وہ آپ ہیں اور گورنر عشرت العباد ہیں۔ مانسہرہ کی نیلم مجتبیٰ

## ہمیں خوشی ہے کہ آپ اور آپکے لوگ اتنے اچھے ہیں جو انسانیت کی بنیاد پر کام کر رہے ہیں۔ عملے کے اہل خانہ کی الطاف حسین سے گفتگو

## ہم کسی پر کوئی احسان نہیں کر رہے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق خلق خدا کی خدمت کر رہے ہیں۔ الطاف حسین

## گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اپنا عیش و آرام چھوڑ کر عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔ الطاف حسین

## یرغمالیوں کی بازیابی کے سلسلے میں احمد چنائے اور انصار برنی کی کوششیں بھی قابل تعریف ہیں۔ الطاف حسین

لندن:۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے بحری جہاز ایم وی ایلبیڈ و کے عملے کے اہل خانہ کو یقین دلایا ہے کہ یرغمالیوں کی بازیابی کیلئے کی جانے والی کوششیں تیز ہو رہی ہیں اور انشاء اللہ انکے پیارے بہت جلد ان کے درمیان ہوں گے۔ انہوں نے یہ بات منگل کی شب گورنر ہاؤس کراچی میں یرغمالیوں کے اہل خانہ سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سی پی ایل سی کے چیئرمین احمد چنائے اور انسانی حقوق کے رہنما انصار برنی بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے صدر مملکت سے بھی اس سلسلے میں کوششیں تیز کرنے کی اپیل کی ہے اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، احمد چنائے اور انصار برنی سے بھی کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں بھرپور کوششیں کریں۔ آپ کی مشکل اور اذیت کے دن بہت جلد ختم ہونے والے ہیں اور انشاء اللہ آپ کے

پیارے بہت جلد آپ کے ساتھ ہوں گے۔اس موقع پر یرغمالیوں کے اہل خانہ نے بھی جناب الطاف حسین سے فرداً فرداً گفتگو کی اوراس موقع پرتمام اہل خانہ فرط جذبات سے مغلوب تھے۔یرغمالی جہاز کے کیپٹن جاوید کی اہلیہ محترمہ شہناز جاوید نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گورنرصاحب اوراحمد چنائے ہمارے لئے بہت کوششیں کررہے ہیں اور ہمارے پاس آپ کا شکریہ ادا کرنے کیلئے الفاظ نہیں ہیں۔ ہمارے دل میں آپ کی قدراور بڑھ گئی ہے۔کیپٹن جاوید کی صاحبزادی مشال نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے بہت شکرگزار ہیں،ہم آپ کیلئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ اورآپ کے ساتھیوں کولمبی عمر دے۔مانسہرہ سے تعلق رکھنے والے جہاز کے چیف آفیسرمجتبیٰ کی اہلیہ نیلم مجتبیٰ نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں پختونخوا سے یہاں آکر بیٹھ گئی ہوں کیونکہ مجھے امید ہے کہ اگرکوئی میری مدد کرنے والا ہے تووہ آپ ہیں اور گورنرعشرت العباد ہیں۔انہوں نے احمد چنائے کے تعاون کی بہت تعریف کی۔انہوں نے کہا کہ صومالی قزاق ہمیں دھمکیاں دیتے تھے اور ہم گورنرصاحب اوراحمد چنائے کو بتاتے تھے۔آپ کی کوششوں سے ہمیں دوبارہ زندگی مل گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم آپ کا اورصدرآصف زرداری صاحب کا بھی بہت شکریہ ادا کرتے ہیں۔جہلم سے تعلق رکھنے والے احسن علی کی والدہ نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب ہم گورنرعشرت العباد اوراحمد چنائے سے ملے تو ہمیں بہت امیدیں پیدا ہوگئیں،ہمیں خوشی ہے کہ آپ اورآپ کے لوگ اتنے اچھے ہیں جوانسانیت کی بنیاد پرکام کررہے ہیں۔ہم آپ کے احسان مند ہیں۔جناب الطاف حسین نے اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم جوکررہے ہیں اس میں شکریہ اورمہربانی کی کوئی ضرورت نہیں،ہم کسی پرکوئی احسان نہیں کررہے ہیں بلکہ اپنا فرض ادا کررہے ہیں۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ دکھی انسانوں کی مدد کرولہٰذا ہم اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق خلق خدا کی خدمت کررہے ہیں۔ ہمارا مقصد دکھی اور پریشان حال لوگوں کی مدد کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ میری پہلے دن سے ہی گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد کو یہ تعلیم ہے کہ وہ دوسروں کی طرح گورنرہاؤس میں بیٹھ کرآرام کرنے کے بجائے عوام کی بلاامتیاز خدمت کریں۔ مجھے خوشی ہے کہ ڈاکٹرعشرت العباد نے مجھے مایوس نہیں کیااوروہ میری امیدوں پر پورااترے ہیں اورمیری تعلیمات پرعمل کرتے ہوئے اپنا عیش وآرام چھوڑ کرعوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔اللہ تعالیٰ انہیں اس پر جزائے خیر دے۔انہوں نے یرغمالیوں کی بازیابی کے سلسلے میں احمد چنائے اورانصار برنی کی کوششوں کو بھی سراہا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ پورے ملک کے عوام خوش رہیں،ان کی تکالیف دورہوں،انہیں خوشیاں میسرآئیں اوران کی خوشیوں کوکسی کی نظر نہ لگے۔

**صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے کی جانے والی کوششیں تیز کی جائیں۔**

**الطاف حسین کی صدرآصف علی زرداری اور گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے اپیل**

**کئی ماہ سے صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانیوں کے اہل خانہ شدید ذہنی کرب واذیت میں مبتلا ہیں**

**مخیرّ حضرات یرغمالیوں کی بازیابی کے سلسلے میں مالی تعاون کیلئے سی پی ایل سی کے چیئرمین احمد چنائے سے رابطہ کرسکتے ہیں۔**

**یرغمالی پاکستانیوں کے اہل خانہ سے الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار**

لندن:۔۔۔ 15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری اورگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے اپیل کی ہے کہ وہ صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانی جہاز ایم وی البیڈو کے عملے کی بازیابی کیلئے کی جانے والی کوششیں تیز کردیں۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کئی ماہ سے صومالی قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے پاکستانیوں کے اہل خانہ شدید ذہنی کرب واذیت میں مبتلا ہیں اوراپنے پیاروں سے ملنے کیلئے بے چین ہیں۔انہوں نے یرغمالیوں کی بازیابی کیلئے صدرمملکت آصف زرداری،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورانسانی حقوق کے رہنما انصار برنی کی کوششوں کوسراہا اوران کوششوں کوتیز کرنے کی ضرورت پرزوردیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جومخیرّ حضرات یرغمالیوں کی بازیابی کے سلسلے میں مالی تعاون کرنا چاہیں وہ اس سلسلے میں سٹیزن پولیس لائیژن کمیٹی (سی پی ایل سی) کے چیئرمین احمد چنائے سے رابطہ کرسکتے ہیں۔انہوں نے یرغمالی پاکستانیوں کے اہل خانہ سے بھی دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## جمشیدٹاؤن کے سابق حق پرست کونسلراورایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے کارکن انورعالم کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔15 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمشیدٹاؤن یوسی 7 کے سابق حق پرست کونسلراورایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن انورعالم کی شہادت پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید نے تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے نہ صرف اپنی تمامتر خدمات انجام دیں بلکہ سماجی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا،شہید ہر کڑے اورمشکل وقت میں تحریک سے ثابت قدم رہے،شہید کی تحریک کیلئے خدمات کو ہمیشہ یادرکھا جائے گا اوران کی قربانیوں کوبھی رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ انورعالم کی شہادت سے مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## انورعالم کی شہادت کا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے،رابطہ کمیٹی

## شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

## انورعالم کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِمذمت

## انورعالم کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرارواقعی سزادی جائے،مطالبہ

کراچی:۔۔۔15 مئی،2012ء

نامعلوم دہشت گردوں نے جمشیدٹاؤن یوسی 7 کے سابق حق پرست کونسلراورایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن انورعالم کوفائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق انورعالم شہیدسوسائٹی میں واقع عثمانیہ پلے گراؤنڈ میں بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پرسوار نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھادھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طبی امداد کیلئے مقامی اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ علاج کے دوران خالق حقیقی سے جاملے۔شہید غیر شادی شدہ تھے ان کی عمر چالیس سال تھی،شہید کے پسماندگان میں بھائی اور بہنیں شامل ہیں۔شہید نے تحریک کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ سماجی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جمشیدٹاؤن یوسی 7 کے سابق حق پرست کونسلراورایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن انورعالم کی شہادت پر سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورواقعہ کوکھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردعناصر اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے شہر کا امن تباہ کرکے یہاں پرقتل وغارت گری کا بازار گرم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات میں بے گناہ افراد کے علاوہ دن بدن ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا بدترین نشانہ بنایا جارہا ہے اورانورعالم شہید کے قتل کا واقعہ بھی اسی سازش کا شاخسانہ ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اورسوگواران کیلئے صبرجمیل کی دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ،وزیرداخلہ سندھ سے پرزورمطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے جمشیدٹاؤن یوسی 7 کے سابق حق پرست کونسلرانورعالم کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے انہیں قرارواقعی سزادی جائے۔

## برطانیہ کی قائم مقام ڈپٹی ہائی کمشنر برائے کراچی Ms.Susan Hyland کا دورہ نائن زیرو،رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔15/مئی2012ء

برطانیہ کی قائم مقام ڈپٹی ہائی کمشنر برائے کراچی Ms.Susan Hyland نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیروعزیزآباد کا دورہ کیا اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ڈپٹی کنوینرسینیٹرمحترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی۔ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں جاری رہی جس میں پاکستان کی موجودہ سیاسی صورتحال اور کراچی کے حالات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگرامور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس سے قبل برطانیہ کی قائم مقام ڈپٹی ہائی کمشنر برائے کراچی Ms.Susan Hyland نائن زیرو پہنچی تو انہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینروسینیٹرمحترمہ نسرین،کنورخالدیونس اورحق پرست صوبائی وزیرفیصل سبزواری نے خوش آمدید کیا اورانہیں پاکستان کی سیاسی واقتصادی اورمعاشی صورتحال خصوصاً کراچی کی صورتحال سے آگاہی فراہم کیا۔

## جناب الطاف حسین تمام مظلوم عوام کے متفقہ لیڈر و رہنماء ہیں جن کا نظریہ مظلوم عوام کیلئے مشعل راہ ہے، شاہد لطیف، گلفراز خان خٹک
## ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت لال قلعہ گراؤنڈ میں کارکنان کے اجلاس سے اظہار خیال

کراچی۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور گلفراز خان خٹک نے کہا ہے کہ جناب الطاف حسین تمام مظلوم عوام کے متفقہ لیڈر و رہنماء ہیں جن کا نظریہ مظلوم عوام کیلئے مشعل راہ ہے، ایم کیوایم ملک بھر میں بسنے والوں محروموں اور مظلوموں کیلئے امید کی کرن ہے جس کے خلاف آج بھی سازشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے تحت منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ جنرل ورکرز اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، ایم کیوایم سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کی رکن محترمہ ڈاکٹر لیلیٰ پروین، ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی انچارج و اراکین کے علاوہ کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شاہد لطیف اور گلفراز خان نے کہا کہ ملک میں بسنے والی تمام قومیت قائد تحریک الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تسلیم کرچکی ہے اور ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کرنیوالے عناصر کا محاسبہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد میں پوری طرح شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر جتنی چاہیں سازشیں کرلیں وہ مختلف قومیتوں کے مظلوم عوام کو قائد تحریک الطاف حسین سے ہرگز متنفر نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ایم کیوایم کے پیغام کو روکنے کیلئے سازشی عناصر عوام میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپگنڈہ کررہے ہیں تاکہ عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ وال کارکنان کی ہزاروں کی تعداد میں اجلاس میں شرکت اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ کراچی میں ہزارہ وال قومیت کی بہت بڑی تعداد موجود ہے۔ پاکستان میں بسنے والی قومیتوں کا اگر کوئی نجات دہندہ ہے تو وہ صرف اور صرف الطاف حسین ہیں۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ سازشی عناصر کی ایم کیوایم کے خلاف جاری سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیں اور تحریکی لیٹریچر کا بغور مطالعہ اپنے معمول کا حصہ بنائیں۔ جنرل ورکرز اجلاس سے ڈاکٹر لیلیٰ پروین، شکیل عباسی اور سید وقار حسین شاہ نے بھی اظہار خیال کیا۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔15 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلگت زون یوسی محمد آباد کے یونٹ انچارج سید معصوم شاہ کے بھائی سیّد ابرار حسین، لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن عبدالوکیل کے بھائی عبدالکفیل، لیاقت آباد یونٹ 158 کے کارکن شاہد احمد کے بھائی شفیق احمد، برنس روڈ سیکٹر یونٹ 36 کے کارکن رشید شیخ کی والدہ محترمہ انور جہاں، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے کارکن محمد امین کے والد محمد یونس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء ایم کیوایم رابطہ کمیٹی نے ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 5 کے رکن بابا ایکسل کے والد آئزک ایسٹیون کے انتقال پر بھی دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## قائد تحریک الطاف حسین نے مثبت سوچ و فکر کو جنم دیا اور اسے پروان چڑھانے کیلئے عملی جدوجہد میں مصروف ہیں، ایم کیوایم حیدرآباد

حیدرآباد۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف و اراکین زونل کمیٹی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں حق پرست عوام اس ملک میں رائج فرسود جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنے قیام سے آج تک جدوجہد میں مصروف عمل ہے اور اب عوامی انقلاب کے ذریعے ہی اس ملک کی ترقی اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ملک بھر کے ۹۸ فیصد عوام کو ظلم و جبر سے نجات دلانا اور ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے تاکہ غریب و مظلوم عوام بھی ملک میں آزادانہ زندگی بسر کرسکیں اور انہیں بھی وہ حقوق حاصل ہوں جو ۲ فیصد طبقہ کو حاصل ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مثبت سوچ و فکر کو جنم دیا اور اسے پروان چڑھانے کیلئے عملی جدوجہد میں مصروف ہیں مگر اس جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے عوام کو بھی اپنا عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار ایم کیوایم کی منزل ہرگز نہیں ہے بلکہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام ملک بھر کی مظلوم عوام میں شعور و بیداری پیدا کررہا ہے تاکہ عوام نظام کی انقلابی تبدیلی کیلئے قافلہ حق پرستی میں شامل ہوں۔

## حیدرآباد قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شہر ہے اور حق پرست قیادت اس کی تعمیر وترقی میں دن رات کوشاں ہے، اکرم عادل

## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی کا کالی موری کے علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ، معززین سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔15 مئی 2012ء

حیدرآباد کے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرام عادل نے اپنے فنڈ سے کالی موری کے علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سیکٹرا ے کے ذمہ داران اور علاقوں کے معززین بھی موجود تھے۔اس موقع پرانہوں نے معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآباد شہر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شہر ہے اور حق پرست قیادت اس کی تعمیر وترقی میں دن رات کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے لوگ باشعور اور حق پرست ہیں اور وہ اس شہر کی تعمیر وترقی میں مصروف رہنے والوں سے اچھی طرح آشناء ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے منتخب نمائندے نے جب بھی اقتدار میں حصہ داری کی تو عوامی خدمت کیلئے بے شمار منصوبوں کا آغاز کیا جو شہر اور عوام کی فلاح و بہود کیلئے ضروری تھے اور آج بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی عوام یہ بھی اچھی طرح جانتی ہیں کہ پچھلے ادوار میں اقتدار پر قابض افراد نے شہر کیلئے کیا کام کیئے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے وژن کے مطابق ایم کیوایم نے ہر دور میں عوام کے مسائل کے حل کو ترجیحی دی ہے

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بھائی، بھتیجے اور تمام حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کے لئے

## ایم کیوایم لاہور زون کے زیراہتمام عظیم الشان محفل نعت کا انعقاد، عالمی شہرت کے حامل نعت خواہان نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت اور قراء کرام نے کلام پاک کی تلاوت سے حاضرین محفل کے دلوں کو منور کیا

## رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر ودیگر زونل کمیٹی اور تمام ڈسٹرکٹس نے شرکت کی۔

لاہور۔۔۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے زیراہتمام ایک عظیم الشان محفل نعت وقرآن خوانی منعقد کی گئی جس میں عالمی شہرت کے حامل نعت خواں اور قراء کرام نے شرکت کی۔نعت خواہان نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کی جس نے حاضرین محفل کی روح کو تازگی بخشی اور قراء کرام نے تلاوت کلام پاک سے دلوں کو منور کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، زونل انچارج ملک وسیم کھوکھر، جوائنٹ انچارجز ساجد عباس سبزواری، پروین اختر، اراکین زونل کمیٹی، لاہور ڈسٹرکٹ انچارج ارشاد الحق، جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز واراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، شعبہ خواتین ورکنگ کمیٹی کی انچارج ماہ بانو، اور ٹاؤنز دیگر ڈسٹرکٹس کے انچارجز واراکین اور کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر پاکستان کے نامور نعت خواں تمغہ امتیاز جناب محبوب احمد ابمدانی، ناصر یامین (Q.Tv)، ناصر حسین قادری (ARY.Tv) اور احمد یار (Q.Tv) نے باگارہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کیں۔اور پاکستان کے جانے پہچانے قاری ناصر حسین اور قاری سعید احمد خان نے تلاوت کلام پاک پیش کی۔اور آخر میں حق پرست شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

## ایم کیوایم ملتان زون کا سوگوار کارکن سے اظہار تعزیت

ملتان:۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زونل کمیٹی نے ایم کیوایم لاہور زون کے رکن کمیٹی خرم شہزادرانا کے والد حاجی بشارت علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں منعقدہ تعزیتی اجلاس سے ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود، جوائنٹ انچارجز اور ارکان زونل کمیٹی نے شرکت کی۔اجلاس کے شرکاء نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کے درجات بلند کرتے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔

## غریب اور مظلوم عوام کی بقاء اور سلامتی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے میں ہے، عشرت بیگم

## ایم کیو ایم میرپورخاص زون شعبہ خواتین کے اجتماع سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔۔۔15 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ عشرت بیگم نے سیکٹر C میں خواتین کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غریب اور مظلوم عوام کی بقاء اور سلامتی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے میں ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں موروثی اور کرپٹ سیاست نے جاگیرداروں اور وڈیروں کو بے پناہ طاقتور کردیا ہے جسکی وجہ سے وہ ریاست کے اندر ریاست بنا چکے ہیں اور جسطرح جاگیردار اور وڈیرے اپنی بادشاہت قائم ودائم رکھنے کیلئے ملک کے غیرب اور متوسط طبقے کی عوام کا استحصال کر رہے ہیں، اسکی کوئی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے خواتین کارکنان پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ملک میں امن وامان، پیار ومحبت، افہام وتفہیم اور تمام تر بنیادی حقوق چاہیں تو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو اپنانا ہوگا اور تمام تر مسائل کے پیدا کردہ جاگیردارانہ نظام سے فی الفور نجات حاصل کرنی ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم ملک کی واحد جماعت ہے کہ جس میں غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو نمائندگی دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے مسائل کو بہتر طور پر حل کرسکیں، اس موقع پر جوائنٹ انچارج محترمہ رضیہ شریف اور اراکین محترمہ اسماء تبسم، محترمہ رئیسہ اور محترمہ طیبہ نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆